# Chapter 3

# سننے اور بولنے کا کردار

# Role of Listening and Speaking

## سننے کا کردار (Role of Listening) :-

1. سننے کا عمل زبان کی آموزش کی بنیاد ہے

2. سننے کا عمل نظریات، تصورات، خیالات اور حقائق کی سمجھ پیدا کرتا ہے –

3. لوگوں کے درمیان باہمی روابط کو فروغ دیتا ہے۔

4. سننے کا عمل تعلیمی عمل کے لئے بنیاد فراہم کرتا ہے۔

Haidari Study Point

Youtube : Haidari Study Point

By M M Ali : 7275549890

- زبانی کام زبان کی بہتر آموزش کی بنیاد ہے ۔ مختلف زبانی کاموں کے ذریعہ زبان کی آموزش کو بہتر بنایا جا سکتا ہے ۔ جیسے :

A. دوہرانے کی مشق کرانا

B. سوالات پوچھنا

C. رول پلے کرنا

D. ایکشن کرنا

E. فلم یا چارٹ دکھانا

F. کہانی سنانا اور دوہرانا

G. زبانی قواعد کی مشق کرانا

Haidari Study Point

## بولنے کا کردار (Role of Speaking):-

بولنا زبان کو زندگی، استحکام اور جوش و امنگ بخشتا ہے۔ بولنا سیکھنے کا مطلب ہے کہ بچہ جلد ہی پڑھنا اور لکھنا بھی سیکھ جائے گا۔
زباندانی میں بولنے کا کردار درج ذیل ہے :

1. بولنے سے انسان زبان کے اصوات، لب و لہجہ، نشیب وفراز اور ترنم سے واقف ہوتا ہے۔
2. بولنے سے انسان تلفظ سیکھتا ہے اور قواعد اور معنی کے لحاظ سے جملوں کی صحیح ترتیب سے واقف ہوتا ہے ۔
3. بولنا انسان کو مناسب سماجی سیاق کے مطابق گفتگو سکھاتا ہے ۔
4. بولنے سے زبان کی روانی کی نشوونما، خوش اسلوبی سے بات چیت اور سہل گفتگو کی آموزش ہوتی ہے ۔

Haidari Study Point

## زبان کے کام( Functions of Language )

زبان کے تین اہم کام ہیں –

1. ترسیل کا وسیلہ (Medium of Communication )

2. تفکر کا وسیلہ (Medium of Thought )

3. ثقافتی تبادلہ ( Medium of Culture )

- **ترسیل کا وسیلہ (Medium of Communication )** :- سماج میں مختلف افراد کے مابین رابطہ کے لئے زبان ایک وسیلہ کا کام کرتی ہے۔ بچہ اپنے تجربات، احساسات، ضروریات اور خیالات زبان کے وسیلے سے ہی دیگر افراد کے علم میں

لاتا ہے ۔اسی طرح دوسرے کے خیالات اور احساسات کو بھی زبان کے وسیلہ سے ہی سمجھتا ہے.

- **تفکر کا وسیلہ (Medium of Thought ):-**

زبان انسان کو غور و فکر کرنے کے لئے بنیاد فراہم کرتی ہے ۔ بچہ جو بھی اظہارِ خیال کرتا ہے یا کسی بھی معاملے یا صورتحال پر اپنا رد عمل ظاہر کرتا ہے اس کی بنیاد زبان پر مبنی غور و فکر ہی ہوتی ہے.

- **ثقافتی تبادلہ ( Medium of Culture ):-**

زبان اور ثقافت ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم ہیں ۔ زبان ہی وسیلہ ہے جو مختلف قوموں کی تاریخ، تہذیب و ثقافت اور کردار و جذبات کو محفوظ رکھنے اور آنے والی نسلوں کے سپرد کرنے کا کام کرتی ہے۔.

Haider Study Point

وائگوتسکی کے مطابق انسان کی زبان اور اس کی ثقافت (Culture) ہی اس کی ذہنی نشوونما کی بنیاد ہوتا ہے۔

## بچے زبان کو بطور وسیلہ کیسے استعمال کرتے ہیں

## How Children use Language as) ( a tool

زبان بچے کی ذہنی صلاحیتوں کی نشوونما میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔ بچے مختلف صورتوں میں زبان کا استعمال کرتے ہیں۔

- اپنے تجربات اور خیالات بیان کرتے ہیں
- گھر اور اسکول میں استعمال ہونے والی زبان میں ربط قائم کرتے ہیں

Haidari Study Point

- گرد و پیش میں موجود اشیاء، تصاویر اور تحریری مواد سے واقفیت زبان کے ذریعہ ہی حاصل کرتے ہیں
- سنے ہوئے قصے، کہانیوں اور نظموں پر بات چیت کرتے ہیں
- تصاویر بنا کر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں
- نظموں اور کہانیوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں
- ماحول میں موجود مختلف ٹھوس اور مجرد تصورات کو ازبر کرتے ہیں
- مختلف علوم و فنون سے واقفیت رکھتے ہیں

Haidari Study Point

## سبق سے متعلق اہم نکات

## Some Important Points About)

## ( this Chapter

- زبان کو ترسیل اور خیالات کا وسیلہ مانا جاتا ہے
- ایک عام خیال یہ ہے کہ بچہ نقل اور رٹنے سے سیکھتا ہے: (Behaviorism) ۔ جبکہ نوم چومسکی کا ماننا ہے کہ زبان تو ایک پیدائشی صلاحیت ہے۔
- سماعت اور اظہار یہ دونوں ہی ایسی مہارتیں ہیں جو بچے کے دماغ کو جسے چومسکی LAD یعنی Language Acquisition Device کہتے ہیں ، متحرک کرتی ہیں
- بولنا روزمرہ کی زندگی میں انسانی ترسیل کی بنیاد ہے

Haidari Study Point

• کہانی سنانے سے بچوں میں تخلیقیت آتی ہے اور یہ زبان کو مجموعی طور پر پیش کرتی ہے۔



## گزشتہ سال پوچھے گئے سوالات

**1. زبان کی کلاس میں کہانی سنانے کی بڑی اہمیت ہے، کیوں کہ اس سے**

A. اخلاقیات کی تعلیم ہوتی ہے

B. تفریح کا دلچسپ ماخذ ہے

C. استاد کو آرام کا موقع مل جاتا ہے

D. زبان پوری ایک اکائی کے طور پر موجود ہوتی ہے

جواب :-D. زبان پوری ایک اکائی کے طور پر موجود ہوتی ہے

نوٹ :- • کہانی سنانے سے بچوں میں تخلیقیت آتی ہے اور یہ زبان کو مجموعی طور پر پیش کرتی ہے-

Haidari Study Point

2.طلباء میں زبانی مہارتوں کو فروغ دینے کے لئے سب سے کم اہم سرگرمی کون سی ہے؟

A.ان کی زبان میں کہانی سنانا

B. استاد کے بعد کہانی دہرانا

C. کسی حادثے کا بیان

D. کسی چیز کی وضاحت

جواب :- B. استاد کے بعد کہانی دہرانا زبانی مہارتوں کے فروغ میں سب سے کم اہم ہے.

Haidari Study Point

3.درج ذیل میں کون لطیف حرکی مہارت کو فروغ دینے کی مثال ہے؟

**A.** اچھلنا کودنا

**B.** لکھنا

**C.** پڑھنا

**D.** چڑھنا

جواب :- لکھنا

## 4.درج ذیل میں سے کون سننے سے پہلے کی سرگرمی ہے ؟

A.اقتباس کے بارے میں طلباء سے سوالات کرنا

B. متن میں شامل لفظوں اور محاوروں کو منتخب کرنا اور پہلے ان پر بات چیت کرنا

C. متن کے افکار و خیالات کے متعلق سوالات کے جوابات لکھنے کے لئے کہنا

D. طلباء سے یہ پوچھنا کہ وہ موضوع کے بارے میں کیا جانتے ہیں اور ان کے بارے میں ان کے تجربات کیا ہیں؟

جواب :- D. طلباء سے یہ پوچھنا کہ وہ موضوع کے بارے میں کیا جانتے ہیں اور ان کے بارے میں ان کے تجربات کیا ہیں؟

Haider Study Point

5.زبان کی چاروں مہارتوں کے علاوہ کس کا شمار زبان کی مہارت میں ہوتا ہے؟

A. غور و فکر کی مہارت

B. مطالعے کی مہارت

C. تخلیقی مہارت

D. ترسیلی مہارت

جواب :- ترسیلی مہارت

Communication Skills

Haidari Study Point

6.ایک استاد اپنے طلباء سے کہتا ہے کہ کھانے کے بارے میں متن پڑھنے سے پہلے کھانے کی عادت و اطوار کے بارے میں اپنے دوستوں سے باتیں کریں۔اس طرح استاد کیا کر رہا ہوتا ہے؟

A. بولنے کی مہارت میں اضافہ کر رہا ہے

B. متن کو باآوازِبلند پڑھنے کے قابل بنا رہا ہے

C. متن کو سمجھ کر پڑھنے کے قابل بنا رہا ہے

D. آموزگاروں کی زندگی کے تجربات کو کلاس روم میں آموزش سے جوڑ رہا ہے

جواب :- D. آموزگاروں کی زندگی کے تجربات کو کلاس روم میں آموزش سے جوڑ رہا ہے

Haidari Study Point

7.بولنے کی اچھی سرگرمی وہ ہے جہاں :

A. طلباء زیادہ بات کرتے ہیں

B. شرکت غیر مساوی ہو

C. زیادہ بولنے والے طلباء کی شرکت سب سے زیادہ ہو

D. اساتذہ زیادہ بات کرتے ہوں

جواب :-

A. طلباء زیادہ بات کرتے ہیں

Haidari Study Point

8.درج ذیل میں سے کون سا سماعت کا معیار نہیں ہے؟

A. الفاظ کی حدود کی شناخت

B. تلفظ، لب و لہجہ، نشیب و فراز اور ترنم کی شناخت

C. اضطراب کو نظر انداز کرنا

D. محتاط رہنا مگر نظریں ملانے سے بچنا

جواب :- D. محتاط رہنا مگر نظریں ملانے سے بچنا

Haidari Study Point

9.مندرجہ ذیل میں سے کون سی مہارت روزمرہ کی زندگی میں انسانی ترسیل کی بنیاد ہے؟

A. سننا

B. بولنا

C. پڑھنا

D. لکھنا

جواب :- بولنا

Haidari Study Point

10. طلباء کو موادِ مضمون اور سماعت کے مقصد سے متعارف کرانا ہے :

A. قبل سماعت سرگرمی

B. بعد سماعت سرگرمی

C. سماعت کا محرک

D. دورانِ سماعت سرگرمی

جواب :- A. قبل سماعت سرگرمی

Haidari Study Point

11. استاد کو چاہیے کہ طلباء کو نئے سیاق میں زبان کو برتنے کا موقع فراہم کرے تاکہ وہ :

A. نظم خوانی کر سکیں اور اسے زبانی یاد کر سکیں

B. خود کا اظہار کر سکیں

C. سوالات کو سن کر ان کے جواب دے سکیں

D. مختلف قسم کی شاعری اور نثر کو سمجھ سکیں

جواب :- B. خود کا اظہار کر سکیں

12. درج ذیل میں سے کون توسیعی سماعت (سننا) (Extensive Listening) کی مثال ہو سکتی ہے؟

A. اپنے دوست کو ٹھیک سے سننا

B. کلاس روم میں استاد کو بغور سننا

C. کچھ مخصوص معلومات کے لئے ٹی وی خبروں کو سننا

D. ریڈیو ڈرامے سننا

جواب :- D. ریڈیو ڈرامے سننا

Haidari Study Point

13. بعض بچے کلاس روم میں غلطیوں کے خوف سے نہیں بولتے یا بولنے سے کتراتے ہیں – یہ ایک رکاوٹ ہے

A. طبعی

B. نفسیاتی

C. ماحولیاتی

D. سماجی

جواب :- B. نفسیاتی

( Psychological )

14. کلاس روم میں اکثر و بیشتر کہانی سنانے کا اہتمام کرنا چاہیے، کیونکہ :

A. اس سے اخلاقیات کی تعلیم ہوتی ہے

B. یہ زبان کو مجموعی طور پر پیش کرتی ہے

C. اس سے مشکل الفاظ سیکھنے کا موقع ملتا ہے

D. اس سے طلباء لطف اندوز ہوتے ہیں

جواب :- B. یہ زبان کو مجموعی طور پر پیش کرتی ہے

Haidari Study Point

15. دوسری جماعت کا استاد طلباء کو مختلف حرکات و سکنات کے ساتھ ایک دلچسپ کہانی سناتا ہے۔ پوری کہانی سنانے کے بعد کچھ طلباء سے کہتا ہے کہ وہ اس کہانی کو اپنے لفظوں میں دوبارہ بیان کریں۔ ایسا کرکے وہ جانچنے کی کوشش کرتا ہے

A. سننے کی صلاحیت

B. بولنے کی صلاحیت

C. پڑھنے کی صلاحیت

D. لکھنے کی صلاحیت

- سی بی ایس ای نے مطابق اس کا صحیح جواب آپشن A. یعنی 'سننے کی صلاحیت ' ہے

Haider Study Point

16. طلباء سے پڑھی ہوئی کہانی کو دوبارہ بیان کرنے کے لئے کہنے سے استاد کو کیا جانچنے میں مدد ملے گی؟

A. ذہانت

B. سمجھ

C. تلفظ

D. املا

جواب :- B. سمجھ

Haidari Study Point

17. پہلی جماعت کی زبان کی نصابی کتاب نظموں اور کہانیوں سے شروع ہوتی ہے اور اس کے بعد حروف تہجی آتا ہے۔ اس نصابی کتاب میں کس انداز نظر کو اپنایا گیا ہے؟

A. نیچے سے اوپر

B. اوپر سے نیچے

C. انضباطی

D. درسیاتی

جواب :- B. اوپر سے نیچے

Haidari Study Point

18. جو بچے سماعت سے محروم رہتے ہیں ان کی اکثریت محروم رہتی ہے:

A. دیکھنے سے

B. چلنے سے

C. لکھنے سے

D. بولنے سے

جواب :- D. بولنے سے

Haidari Study Point

19. کہانی سناتے وقت کس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

A. کہانی کتاب سے پڑھ کر سنائی جائے

B. کہانی کا ہیرو کوئی مشہور شخصیت ہو

C. الفاظ آسان، جملے چھوٹے اور زبان شگفتہ ہونی چاہیے

D. مواد کا معیار اونچا ہو تاکہ بچوں کو سننے کا موقع ملے

جواب :- C. الفاظ آسان، جملے چھوٹے اور زبان شگفتہ ہونی چاہیے

Haidari Study Point

20. کلاس میں شرمیلے طالب علم میں خود اعتمادی (Self Confidence) پیدا کرنے کے لئے آپ کیا کریں گے

A. ان کو بولنے کے لئے مجبور کریں گے

B. ان کو ایسے عنوانات پر بولنے کے مواقع فراہم کریں گے جو وہ جانتے ہیں

C. ان کو نہ بولنے پر غصہ کا اظہار کریں گے

D. ان کے لئے کوئی خاص کوشش نہیں کریں گے

جواب :- B. ان کو ایسے عنوانات پر بولنے کے مواقع فراہم کریں گے جو وہ جانتے ہیں

Haider Study Point

- اردو پیڈاگوجی کے سبھی نوٹس سی ٹیٹ کے عین نصاب کے مطابق حاصل کرنے کے لئے رابطہ کریں: 7275549890

ہمارے یوٹیوب چینل کو سبسکرائب کریں

Haidari Study Point

https://youtube.com/c/HaidariStudyPoint

Telegram Group Link

Haidari Study Point

By M M Ali

https://t.me/HaidariStudyPoint